Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۴ مئی سنہ ۱۹۲۶ء	جلد ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت الکٹرک انجنیر صاحب	۱ و ۲
۲	تبادلہ صاحب انسپکٹر [illegible] پولیس	۲
۳	رخصت [illegible]	,,
۴	[illegible]	,,
۵	استعفاء [illegible]	,,
۶	برخاستگی [illegible]	۳
۷	رخصت ڈاکٹر [illegible]	,,
۸	[illegible]	,,
۹	اخراج اسم [illegible]	,,
۱۰	[illegible] کلرک	[illegible]
۱۱	رخصت معاون [illegible]	[illegible]
۱۲	[illegible]	۳
۱۳	[illegible]	[illegible]
۱۴	[illegible]	ضمیمہ
۱۵	[illegible]	[illegible]

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت در بارہ منظوری رخصت دہ یوم بابو بشنداس صاحب الیکٹرک انجنیر از ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۶ء بضرورت شرکت شادی برادر۔

حکم

بموجب رپورٹ دس روز کی رخصت الکٹرک انجینئر کی منظور ہے۔ بشرطیکہ حرج کار سرکار نہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس منظوری دیجاتی ہے کہ شرف الدین سب انسپکٹر گنج سے بکار انچارجی تھانہ شاہ آباد تبدیل ہوں۔ اور شبیر حسین سب انسپکٹر دوم کوتوالی بکار انچارجی تھانہ گنج تبدیل ہوں۔ الطاف حسین خان سب انسپکٹر شاہ آباد کو بوجہ خرابی حالت دماغی ایک ماہ کی رخصت دیگئی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ تبادلہ سب انسپکٹران مذکور حسب ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست در بارہ منظوری رخصت بند دس یوم سید ریاض الحسن انسپکٹر قانونگویان من ابتداے ۲۹ اپریل لغایت ۸ مئی سنہ ۱۹۲۶ء بطور رعایتی و منظوری رخصت پندرہ یوم من ابتداے ۹ مئی لغایت ۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۶ء بوضع تنخواہ بوجہ علالت دختر انسپکٹر مذکور۔

حکم

نوٹ صاحب مہتمم بندوبست ملاحظہ ہوا حسب رائے صاحب مہتمم بندوبست رخصت دس یوم جو ۸ مئی کو انسپکٹر قانونگویان منظور ہوچکی ہے۔ رعایتی شمار کیجائے۔ اور من ابتدا ۹ مئی سنہ حال رخصت پندرہ یوم انسپکٹر مذکور بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ محمد ولی خان مدرس اول مدرسہ پل پنجنی کی رخصت ایک ہفتہ بعوض گوبند سنگھ انٹرنس پاس ساکن رامپور محلہ چاہ شور منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

استعفا

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بدر الدجیٰ مدرس کمیری تحصیل بلاسپور کا استعفا ۸ مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے منظور کیا گیا اس سے قبل ۶ مئی سنہ ۱۹۲۶ء کو جو حکم رخصت مدرس مذکور صادر ہوا ہے منسوخ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

توفیق علی مدرس اول ٹانڈہ پہلے ہی رخصت طویل حاصل کرچکا ہے۔ اور اب پھر چھ ماہ رخصت کی درخواست پیش ہے۔ چونکہ نامبردہ دلچسپی سے کام نہیں کرتا۔ اور حالت مدرسہ ٹانڈہ کی باعتبار فراہمی طلبا اچھی نہیں ہے۔ لہذا توفیق علی مدرس اول ٹانڈہ برخاست کیا گیا۔ اور سید امتیاز الحسن نائب مدرس تاحکم ثانی انچارج مدرس اول ٹانڈہ مقرر کیا گیا۔ امتیاز الحسن کو ایام انچارجی میں چار روپیہ ماہوار الاؤنس ملیگا۔ اور اوسط حاضری طلبا ۲۸ ہے۔ اس لئے دوسرا نائب مدرس بالفعل مقرر کرنیکی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتۂ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر صاحب در بارۂ منظوری رخصت چہ ہفتہ ڈاکٹر مکند رام متعینہ شفاخانہ جیل بضرورت درستی مکان خود

حکم

چونکہ ڈاکٹر مکند رام نے جو ضرورت رخصت کی ظاہر کی ہے وہ مقتضی اسکی نہیں ہے کہ استحقاق سے زیادہ رخصت دیجائے۔ لہذا چہ ہفتہ کی رخصت نہیں دیجاسکتی ۱۵ مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے ایک ماہ رخصت رعایتی منظور کیجاتی ہے۔

احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف میڈیکل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

برخاستگی

۲ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بمنشاء اطلاع برخاستگی امیر حسین محرر مویشی خانہ اکبر آباد بعلت غیر حاضری و تقرری میسے عزا علی خان رشید وار امتحاناً بجائے محرر مذکور

حکم

رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب مویشی خانہ جات ملاحظہ ہوئی۔ امیر حسین محرر مویشی خانہ اکبر آباد کی پہلے ہی غیر حاضری کی شکایت ہو چکی ہے۔ اب پھر بلا منظوری رخصت غیر حاضر ہو گیا ہے۔ لہذا حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب محرر مذکور بعلت غیر حاضری برخاست کیا جائے۔ اور بجائے اسکے میسے عزا علی خان اپرنٹس کا تقرر امتحاناً منظور ہے۔ تنخواہ وہی ملیگی جو امیر حسین کو ملتی تھی۔ بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

اخراج اسم

۵ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بمنشاء اطلاع اخراج نام اشفاق حسین خان محرر کانجی ہوس جونوش بوجہ فوتی از تاریخ یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات میسے اشفاق حسین خان محرر کانجی ہوس سنوش کا نام بوجہ فوتی یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے ملازمت سے خارج کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

اضافہ

۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب ایگزیکٹو انجینیر صاحب در بارۂ اضافہ تنخواہ مبلغ پانچ روپیہ منشی مراد لال کلرک دفتر تنخواہ دار ۳۰ بابت دو روپیہ بوجہ ہوشیاری کام۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب ایگزیکٹو انجینیر بوجہ کارگذاری و محنت منشی مراد لال اکاؤنٹ کلرک محکمہ تعمیرات کی تنخواہ میں مبلغ تین روپیہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

رخصت

۱۶ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتۂ رپورٹ صاحب ایگزیکٹو انجینیر در بارہ منظوری رخصت مزید دو ماہ بسلسلہ سابقہ میسے احمد شاہ خان معاون اہلمد سب ڈویژن افسر صاحب تعمیرات بیرونجات۔ بدین طور کہ نصف تنخواہ رخصتی کو اور [illegible] نصف تنخواہ کے نصف سید ظہور الحسن اہلمد کو بطور الاؤنس دیئے جانے بوجہ انجام دہی کام رخصتی۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب ایگزیکٹو انجینیر احمد شاہ خان معاون اہلمد سب ڈویژنل بیرونجات کی مزید رخصت دو ماہ بسلسلہ رخصت سابقہ منظور کیجاتی ہے۔ ایام رخصت میں نصف تنخواہ رخصتی کو ملیگی اور نصف تنخواہ سید ظہور الحسن کو بطور الاؤنس ملیگی جو علاوہ اپنے کام کے رخصتی کا کام بھی انجام دیگا۔ بصراحت بالا صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

احکام اجلاس صاحب فنانشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۵ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مثنہ رپورٹ بخشی صاحب فوج درباره سے روپیہ اضافہ در تنخواہ موجودہ بائیس روپیہ سید ناصر علی اہلدبخش بیگری بوجہ محنت وجفاکشی وممتاز ہونے باہلدان دیگر بوجہ قابلیت اور نہایت خوش ہونے کارگزاری نامبردہ سے۔

حکم

حسب سفارش بخشی صاحب فوج سید ناصر علی اہلدبخش بیگری کی تنخواہ پر تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ یکم مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے اضافہ ملیگا۔ بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فنانس سکریٹری بہادر

عہدہ

۲۲ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مثنہ تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ درباره ترقی عہدہ سب اڈیٹر واضافہ تنخواہ منشی رام بہروسی لال اہلد آڈٹ سکیشن ایف بوجہ سہولت کام وبلحاظ لیاقت اہلد۔

حکم

حسب تجویز بورڈ آف آڈٹ رام بہروسی لال کو سب اڈیٹری بر موجودہ تنخواہ پر تجویز کیا جاتا ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب فنانس سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے۔ خود ہی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھایئے۔

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف [illegible]

التوحید - یہ کتاب جامع عامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک [illegible]

العدل - یہ کتاب جامع عامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہے جسمین حق تعالے کی عدالت وحکمت سے نہایت بسط وتفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ قیمت [illegible]

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع عامدی کے ملحقات مین ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک [illegible]

جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکار عالی کی خدمت مین ارسال فرمایئے۔

ذوالفقار حسنین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۱۷ لغایت ۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۶ء ہفتہ سوم

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ار ۱۰۲ ار ۱۰۶ ار	۰	۰	۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	
نخود خاص	۸ ار	۰	۰	۹ ار	۸ ار	۸ ار	
نخود کسہ آمیز	۸۰ ار	۰	۰	۱۰ ار	۸۰ ار	۹ ار	
کتہ	۹ ۳ ار	۰	۰	۱۰ ار	۹ ار	۱۰۹ ار	
ماش	۵ ار	۰	۰	۱۰۵ ار	۰	۵ ار	
مونگ	۳۰ ار	۰	۰	۰	۰	۴ ار	
مکا	۸ ار	۰	۰	۰	۰	۹ ار	
جئی	۱۰ ار	۰	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	
گوجئی	۹ ار	۰	۰	۱۰۹ ار	۱۰ ار	۸ ار	
عدس	۱۰۶ ار	۰	۰	۱۰۷ ار	۷ ار	۶ ار	
ارہر	۷ ار ۷ ار	۰	۰	۱۰۹ ار	۱۰۷ ار	۷ ار	
برنج	۴ ار	۰	۰	۴۰ ار	۴۰ ار	۵ ار	
روغن زرد	۷ چھٹانک	۰	۰	۰ ار	۰ ار	[illegible]	
روغن سیاہ	۱ ار	۰	۰	۱ ار	۱ ار	۱۰۱ ار	
روغن کنجد	۱۰ ار	۰	۰	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار	۰	۰	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۰	۰	۵ ار	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۴ ار ۴ ار ۴۰ ار	۰	۰	۴ ار	۴ ار	۴ ار	
باجرہ	۶ ار	۰	۰	۰	۰	۶ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور